npc primary

ہوم ورک

ہوم ورک گھر اور سکول کے درمیان ایک باقاعدہ تعلق کی نمائندگی کرتا ہے اور اسی طرح اساتذہ اور والدین کے درمیان ایک عملی شراکت کے فروغ کیلئے ایک اچھے موقعے کو ظاہر کرتا ہے۔ تمام سکولوں میں ہوم ورک کیلئے ایک پالیسی یعنی لائحہ عمل ہونا چاہئے جو والدین اور بچوں کے مشورے سے مرتب کیا جانا چاہئے۔ یہ لائحہ عمل سکول سے منسلک تمام لوگوں پر ہوم ورک کا مقصد اور یہ بات واضح کرے کہ ہر کلاس کی سطح پر کس بات کی توقع کی جاتی ہے۔

میرے بچے کو ہوم ورک کیوں ملتا ہے؟

آپ کے بچے کو ہوم ورک اس لئے دیا جاتا ہے

1. تاکہ وہ کلاس میں پہلے سے کئے جانے والے کام کی گھر پر مشق اور دہرائی کرے۔
2. تاکہ اس بات کی جانچ کی جا سکے کہ بچے کو کام کی کتنی سمجھ آئی ہے یا وہ اسے کتنی مہارت سے کرتا ہے۔
3. تاکہ بچے کو آزادانہ کام کرنے اور اپنی تربیت آپ کرنے کا موقع ملے۔
4. تاکہ بچے کو وہ تمام ذرائع جو سکول میں دستیاب نہیں ہوتے (مثلاً والدین، لائبریری، ماحول، میڈیا اور انٹرنیٹ وغیرہ) استعمال کرنے کا موقع ملے۔
5. تاکہ آپ کو بحیثیت والدین ایک ایسا ذریعہ میسر ہو جس سے آپ یہ دیکھ سکیں کہ آپ کا بچہ سکول میں کس قسم کا کام کر رہا ہے اور اس طرح نتیجتاً آپ اُ سکی کارکردگی کا جائزہ لے سکیں گے۔
6. تاکہ آپ ایک حصہ دار کی حیثیت سے اپنے بچے کی تعلیم میں سرگرمی کے ساتھ مشغول رہیں اور اس طرح اپنے بچے کی تعلیم میں شامل رہیں۔

ہوم ورک

1. طلباء کی استعداد کے مطابق ہونا چاہئے اور آپ کے بچے کو اسے مناسب وقت کے اندر اندر مکمل کر لینا چاہئے۔
2. اس کا ایک مقصد ہونا چاہئے۔
3. وقت سے پہلے مناسب انداز میں بچوں کو سمجھایا جانا چاہئے۔
4. استاد/استانی کو چاہئے کہ وہ اسے چیک کرے۔
5. والدین کو چاہئے کہ وہ اسکی نگرانی کریں، اسے چیک کریں اور اس پر اپنےد ستخط کریں۔
6. پورے سکول میں مروجہ پالیسی کے عین مطابق ہو۔

میرا بچہ کتنے ہوم ورک کی توقع رکھے؟

ہر کلاس میں ہوم ورک کی مقدار اور اس کی تکمیل کیلئے وقت کا تعین سکول کی ہوم ورک پالیسی کی اہم خصوصیات ہیں۔ والدین کی حیثیت سے ضروری ہے کہ آپ اس پالیسی سے پوری طرح واقف ہوں تاکہ آپ بچے کو دیے جانے والے مقررہ وقت کا گھر پر انتظام کر سکیں۔

عام طور پر مندرجہ ذیل ہدایات لاگو ہوتی ہیں:

جونئیر/سینئیر بچے: تھوڑی بہت ڈرائنگ، ابتدائی پڑھائی، شکلیں اور تصویریں ملانے اور والدین سے کہانیاں سننے کے علاوہ کوئی رسمی ہوم ورک نہیں دیا جاتا۔

پہلی اور دوسری کلاس: 20 سے 30 منٹ
تیسری اور چوتھی کلاس: 30 سے 40 منٹ
پانچویں اور چھٹی کلاس: 40 سے 60 منٹ

عام طور پر سکول ہفتے کے اختتام پر ہوم ورک نہیں دیتے۔
یہ بات واضح رہنی چاہئے کہ مندرجہ بالا تجویز کردہ مقررہ اوقات ہیں۔ عملی طور پر کتنا وقت لگے گا اس کا انحصار خود بچے پر ہے۔

والدین کیسے مدد کر سکتے ہیں؟

دوسری ضرورتوں مثلاً تفریح اور گھریلو حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ کو ہر روز ہوم ورک کیلئے کچھ وقت نکالنا چاہئے۔

والدین کی حیثیت سے مندرجہ ذیل میں آپ کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔

- اپنے بچے کے کام کی حوصلہ افزائی
- اُسکے کام کا جائزہ
- اس بات کی یقین دہانی کہ آپ کے بچے کو کام کرنے کیلئے پُرسکون ماحول میسر ہے۔ ہوم ورک کیلئے مقررہ وقت کے دوران ٹیلی وژن اور دوسری شور شرابے کی چیزیں بند ہونی چاہئیں۔
- اس بات کی یقین دہانی کہ آپ کے بچے کے پاس تمام ضروری اشیاء مثلاً قلم، پنسلیں، ربڑ (اریزر)، پنسل تراش وغیرہ موجود ہیں۔
- سوالات کی صورت میں آپ کی بچے کے قریب موجودگی لیکن بچے کا کام خود نہ کریں۔
- محنت، دیانتداری اور لگن کا اقرار اور عزت افزائی۔ ایسا کرنے سے آپ کا بچہ ترقی کرے گا اور محفوظ اور پُرسکون ماحول میں اپنی رفتار سے نشوونما پائے گا۔
- مستقل مزاجی۔ ہر رات ہوم ورک کے بارے میں تبادلۂ خیال کیجئے، اسے چیک کریں اور اس پر اپنے دستخط کریں۔

آپ کا بچہ غلطیاں کرے گا۔ اُسے اپنی غلطیاں تلاش اور درست کرنے کیلئے اُسکی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو یہ بات قبول کرنے کے لائق ہونا چاہئے کہ غلطیاں کرنا دراصل تعلیمی سلسلے کا ہی ایک حصہ ہے اور یہ بات اہم ہے کہ وہ واپس جا سکتے ہیں اور کوئی دوسرا طریقہ یا لائحہ عمل آزما سکتے ہیں۔

اگر میرے بچے کو ہوم ورک کے سلسلے میں کوئی مسئلہ درپیش ہو تو مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اگر آپ کو پتہ چلے کہ آپ کے بچے کو اپنے ہوم ورک کے سلسلے میں کسی دشواری کا سامنا ہے یعنی اُسے اس کے کسی مخصوص پہلو کے حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش ہے، وہ اُسے مقررہ وقت میں ختم نہیں کر سکتا یا کوئی اور مسئلہ ہے تو آپ کو چاہئے کہ جتنی جلدی ممکن ہو اپنے بچے کے استاد یا استانی کو اس سے آگاہ کریں۔
اگر آپ کے بچے کے پاس ہوم ورک نوٹ بک ہے تو اس میں ایک نوٹ لکھیں یا استاد/استانی سے بات کرنے کیلئے ملاقات کا وقت لیں۔
اگر آپ کے گھریلو حالات میں کوئی تبدیلی واقع ہوتی ہے مثلاً نئے بچے کی پیدائش، والدین میں سے کسی ایک کا بیمار ہو جانا یا کوئی بھی اور وجہ تو آپ کو چاہئے کہ بچے کے استاد یا استانی کو اس سے آگاہ کریں۔ ایسا کرنا آپ کے بچے اور اُسکے استاد/استانی دونوں کیلئے مددگار ہو گا۔

نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری، 12 مارلبورو کورٹ، ڈبلن 1
ٹیلی فون: 01 887 4034 - فیکس: 01 887 4489
ای میل: info@npc.ie - ویب سائٹ: www.npc.ie
انفارمیشن/ہیلپ لائن: 01 887 4477 - ای میل: helpline@npc.ie